اقتصادی خوشحالی اور سلامتی سے متعلق کواڈ (Quad) کا مشترکہ پریس اعلانیہ

امریکا، آسٹریلیا، بھارت اور جاپان کے وزرائے خارجہ نے 31 اکتوبر، 2026 کو اٹلانٹا، جارجیا میں ملاقات کی، جس کا مقصد 'کواڈ' (Quad) کے جاری اقدامات میں ہونے والی پیش رفت پر تبادلہ خیال کرنا اور ایک آزاد اور کھلے 'انڈو پیسیفک' (بحر ہند و الکاہل) خطے کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کرنا تھا.

کواڈ کے وزرائے خارجہ نے عالمی استحکام اور خوشحالی برقرار رکھنے میں اقتصادی سلامتی کی اہمیت پر زور دیا. انہوں نے قابلِ اعتماد اور کھلی عالمی سپلائی چینز، نیز قابل اعتماد اور لچکدار بنیادی ڈھانچے کی تعمیر کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کیا. انہوں نے اقتصادی جبر کے بارے میں شدید خدشات کا اظہار کیا، بشمول من مانی برآمدی پابندیوں کے ساتھ ساتھ غیر منڈی کی پالیسیوں اور طرز عمل کے ذریعے جن کے نتیجے میں اہم صنعتوں میں عالمی سپلائی چینز کو متاثر کرنے کی گنجائش پیدا ہوتی ہے. اہم بحری گزرگاہوں، تجارت کے بلاتعطل بہاؤ، توانائی کے تحفظ اور محصولات عائد کیے بغیر بحری عملے اور جہازوں کی بلا روک ٹوک آمد و رفت اور سلامتی کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے، انہوں نے بین الاقوامی قانون، جیسا کہ سمندر کے قانون سے متعلق اقوام متحدہ کے کنونشن UNCLOS میں درج ہے، کے مطابق آبنائے ہرمز، بحیرۂ احمر اور آبنائے باب المندب میں جہاز رانی کے حقوق اور آزادیوں کے تحفظ اور ان کی پاسداری کی اشد ضرورت کا اعادہ کیا.

کواڈ (Quad) ممالک کے وزراء خارجہ نے معاشی ترقی کے مستقبل کے لیے مصنوعی ذہانت (AI) اور 'پیکس سلیکا' (Pax Silica) جیسے اقدامات کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے 'کواڈ اے آئی ایکسلریٹر' (Quad AI Accelerator) سمیت مختلف ذرائع سے، انڈو پیسیفک خطے میں قابلِ اعتماد مصنوعی ذہانت تک رسائی کو فروغ دینے کے لیے 85$ ملین سے زائد کی تکنیکی اور مالی معاونت فراہم کرنے کے عزم کا اعاددہ کیا.

کواڈ ممالک کے وزرائے خارجہ نے آن لائن اور سائبر دھوکہ دہی کے بڑھتے ہوئے واقعات پر گہری تشویش کا اظہار کیا، جو قومی اور بین الاقوامی امن و سلامتی کے لیے خطرہ ہیں. انہوں نے دھوکہ دہی کے ان کارروائیوں کو چلانے والے مجرمانہ گروہوں کی مذمت کی، جو لوگوں کی اسمگلنگ کرتے ہیں اور انہیں ہمارے شہریوں کے ساتھ دھوکہ دہی کرنے پر مجبور کرتے ہیں، جس کے نتیجے میں ہر سال ہمارے متعلقہ ممالک کے شہریوں کی محنت کی کمائی سے حاصل ہونے والی دسیوں ارب ڈالر کی رقم چوری ہو جاتی ہے. کواڈ ممالک نے ان دھوکہ دہی کی کارروائیوں کو ختم کرنے اور بین الاقوامی جرائم پیشہ گروہوں اور ان کے سرغنوں کو جواب دہ ٹھہرانے کے عزم کا اظہار کیا.

کواڈ ممالک کے وزرائے خارجہ نے اگست 26، 2026 میں آنے والے اچانک سیلاب کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے تعزیت کا اظہار کیا اور ضرورت کے وقت شراکت دار ممالک کی مدد کرنے کے اپنے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا. انہوں نے نیپال میں امدادی کارروائیوں کے سلسلے میں فوری مدد فراہم کرنے والے پہلے ملک کے طور پر بھارت کے قائدانہ کردار کو تسلیم کیا، نیز کواڈ کے تمام ممالک کی جانب سے نیپال کو فراہم کی جانے والی اہم معاونت کا بھی اعتراف کیا.

کواڈ ممالک کے وزرائے خارجہ نے ہند۔بحرالکاہل خطے کی خوشحالی کو فروغ دینے کے لیے اہم اقدامات میں ہونے والی پیش رفت کا خیرمقدم کیا، جن میں شامل ہیں:

اقتصادی خوشحالی اور سلامتی

اہم معدنیات کی سپلائی چینز کا تحفظ: مئی 2026 میں اعلان کردہ کواڈ کے اہم معدنیات سے متعلق اقدام کے فریم ورک کے تحت، کواڈ ممالک نے اہم معدنیات کی سپلائی چینز کے سلسلے میں اپنے تعاون کو مزید مضبوط کیا ہے۔ اس مقصد کے لیے وہ کسی ایک سپلائر پر انحصار کم کرنے کی غرض سے الیکٹرانک کچرے اور ناکارہ مواد سے اہم معدنیات کی بازیافت کے لیے باہمی تعاون سے کام کر رہے ہیں. انہوں نے کچرے جمع کرنے کے نیٹ ورکس، پروسیسنگ پلانٹس اور ریفائنریوں میں نجی شعبے کی قیادت میں ہونے والی سرمایہ کاری کا خیرمقدم کیا، نیز اہم معدنیات کی ری سائیکلنگ کے لیے قابلِ اعتماد ویلیو چینز کے قیام کی غرض سے کواڈ ممالک کے ساتھ مل کر کام کرنے کا خیرمقدم کیا. انہوں نے بھارت اور آسیان ممالک میں ایسے بنیادی ڈھانچے اور سہولیات کے فروغ کے لیے امریکا کی جانب سے 10 ملین ڈالر فراہم کرنے کے عزم کا خیرمقدم کیا، جن کے ذریعے کچرے سے اہم معدنیات دوبارہ حاصل کی جا سکیں. کواڈ ممالک قابلِ ری سائیکل مواد کی سرحد پار نقل و حرکت کو آسان بنانے اور موجودہ ضوابط پر عمل درآمد کو مزید مؤثر بنانے کے لیے برآمدات و درآمدات کے طریقۂ کار کو آسان بنانے کے امکانات تلاش کرنے کے خواہاں ہیں.

ہند۔بحرالکاہل خطے میں توانائی کے تحفظ کی حمایت: ستمبر میں کواڈ (Quad) نے پہلی مرتبہ کواڈ فیول سیکیورٹی فورم کا انعقاد کیا، جس میں ہند۔بحرالکاہل خطے میں ایندھن کے تحفظ کو فروغ دینے کے اپنے عزم پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ اس ضمن میں، رکن ممالک کے اپنے اسٹریٹجک پٹرولیم ذخائر اور ایندھن کے ذخیرہ جاتی صلاحیت کو مزید مستحکم کرنے پر بھی بات ہوئی.

فجی میں بندرگاہوں کے بنیادی ڈھانچے کو ترقی دینا: کواڈ ممالک فجی کی حکومت کے ساتھ مل کر سووا، لاؤتوکا اور روکوبیلی کی اہم بندرگاہوں کے بنیادی ڈھانچے کو جدید بنانے کے منصوبوں پر سرگرمی سے کام کر رہے ہیں. اس سلسلے میں امریکی ملینیم چیلنج کارپوریشن کے ذریعے بھی معاونت فراہم کی جا رہی ہے، جو فجی میں بندرگاہوں کی اسٹریٹجک ترقی کا فریم ورک تیار کرنے میں مدد دے رہی ہے، جبکہ آسٹریلیا کی حکومت ایک نئی ٹرانس شپمنٹ بندرگاہ کی سہولت کے قیام کے امکانات کا جائزہ لے رہی ہے.

ہند۔بحرالکاہل خطے میں بنیادی ڈھانچے کی صلاحیت کو فروغ دینا: اب تک، کواڈ ممالک بحرالکاہل، جنوب مشرقی ایشیا اور جنوبی ایشیا کے مختلف ممالک میں بنیادی ڈھانچے کے شعبے میں 2000 سے زائد فیلوشپس فراہم کر چکے ہیں، جن کے ذریعے ہند۔بحرالکاہل خطے کے ممالک کو اہم مہارتیں فراہم کی جا رہی ہیں تاکہ خطے کو مزید مضبوط اور بحرانوں کے مقابلے میں زیادہ مستحکم بنایا جا سکے.

تجارتی سفارت کاری کو فروغ دینا: کواڈ ممالک کے وزرائے خارجہ نے پہلی مرتبہ کواڈ بزنس لیڈرز فورم کے انعقاد کا اعلان کیا، جس میں کواڈ ممالک کے انڈسٹری شعبے کے رہنماؤں، حکومتی نمائندوں اور پالیسی ماہرین کو یکجا کیا جائے گا۔ اس فورم کا مقصد سرکاری اور نجی شعبوں کے درمیان روابط کو مزید مستحکم کرنا ہے، جس میں اہم شعبوں میں تجارتی معاہدوں کو فروغ دینا بھی شامل ہے. کواڈ ممالک کی ایکسپورٹ کریڈٹ ایجنسیاں، اپنے 2024 کے مفاہمت نامے کی بنیاد پر عملی تعاون کے مواقع کی نشاندہی کرنے کے لیے 18 نومبر کو ٹوکیو میں اجلاس منعقد کریں گی، جو اقتصادی تعاون کو مزید مستحکم کرنے کے ہمارے عزم کا مزید اظہار ہے.

ہند۔بحرالکاہل خطے میں محفوظ اور مستحکم ڈیجیٹل رابطے کو فروغ: کواڈ ممالک خطے میں قابلِ اعتماد، متبادل اور تیز رفتار کیبل روٹس تیار کرنے کی کوششوں کو مسلسل تیز کر رہے ہیں، نیز زیرِ سمندر ڈیٹا کیبلز کے محفوظ اور مستحکم انتظام کے لیے بہترین طریقہ ہائے کار کا تبادلہ بھی کر رہے ہیں.

بحری اور ٹرانس نیشنل سیکیورٹی

سمندروں کو مزید محفوظ بنانا: کواڈ کے تحت بحری جہازوں کے مبصرین کا دوسرا مشن 25 ستمبر سے 7 اکتوبر تک کامیابی کے ساتھ بھارت کے شہر چنئی سے آسٹریلیا کے شہر پرتھ تک روانہ ہوا۔ اس مشن میں کواڈ کے چاروں ممالک کے نمائندوں نے بھارتی کوسٹ گارڈ کے ایک آف شور پٹرول ویسل (سمندر میں گشت کرنے والے جہاز) پر سفر کیا۔ یہ غیر قانونی بحری سرگرمیوں سے نمٹنے کے لیے کواڈ ممالک کے درمیان بحری آپریشنز میں باہمی تعاون اور ہم آہنگی کو مضبوط بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے.

بحری تعاون کو مضبوط بنانا: کواڈ ممالک ہند۔بحرالکاہل بحری نگرانی کے تعاون کے اقدام کے تحت سی ڈریگن 2027 میں اپنی پہلی مشق منعقد کرنے کے منتظر ہیں. اس اقدام کا اعلان مئی میں نئی دہلی میں سیکریٹری اور وزرائے خارجہ کی جانب سے معلومات کے تبادلے اور بحری حدود سے متعلق آگاہی (میری ٹائم ڈومین اویئرنیس) کو فروغ دینے کے مقصد سے کیا گیا تھا.

بحری حدود سے متعلق آگاہی (MDA) کو بہتر بنانا: کواڈ ممالک کو کواڈ میری ٹائم ٹریننگ انیشی ایٹو (MAITRI) کے تحت ابتدائی 2027 میں پہلے کواڈ میری ٹائم ڈومین اویئرنیس ٹریک 1.5 سمپوزیم کے انعقاد کا اعلان کرتے ہوئے مسرت ہو رہی ہے۔ یہ سمپوزیم علاقائی شراکت داروں کو بحری حدود سے متعلق آگاہی کے طریقۂ کار، ٹیکنالوجیز اور معلومات کے تبادلے پر تبادلۂ خیال کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کرے گا.

انتہائی اہم اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجی

قابلِ اعتماد مواصلاتی نیٹ ورکس: کواڈ ممالک کے رہنماؤں کی جانب سے 6G قیادت اور سلامتی سے متعلق لائحۂ عمل کی توثیق کے تناظر میں، کواڈ ممالک نے قابلِ اعتماد جدید مواصلاتی ٹیکنالوجیز، بشمول 6G ،5G، اوپن ریڈیو ایکسیس نیٹ ورکس (RAN) اور AI RAN کے شعبوں میں تعاون کے لیے ترجیحی ممالک کی نشاندہی کرنے کا عہد کیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ، قابلِ اعتماد 5G منصوبوں کی ایک پائپ لائن تیار کرنے اور AI RAN کے شعبے میں مستقبل میں تعاون کے امکانات تلاش کرنے پر بھی اتفاق کیا ہے.

سیمی کنڈکٹرز اور AI ہارڈویئر: کواڈ ممالک نے جدید ترین سیمی کنڈکٹرز اورAI ہارڈویئر کے لیے محفوظ، مضبوط اور قابلِ اعتماد سپلائی چینز قائم کرنے کی ضرورت پر زور دیا. وہ سیمی کنڈکٹرز اور AI کی سپلائی چینز میں ممکنہ رکاوٹوں

کے اہم مقامات کی نشاندہی کے لیے ایک نئی کوشش شروع کریں گے، تاکہ ان رکاوٹوں کے باعث سپلائی کا نظام متاثر ہونے سے پہلے ہی ان کی روک تھام کی جا سکے.

ڈیجیٹل شناخت کے معیارات: کواڈ ممالک ڈیجیٹل شناخت کے معیارات کی نقشہ بندی کے لیے اپنی کوششیں مسلسل آگے بڑھا رہے ہیں، تاکہ ہمارے سرکاری اور نجی شعبوں کے درمیان باہمی تعاون کو مزید آسان بنایا جا سکے.

سائبر سیکیورٹی کے شعبے میں باہمی تعاون کو مزید فروغ دینا: اس ماہ، کواڈ کے سائبر امور کے سینئر عہدیداروں نے ملاقات کی اور ہند۔بحرالکاہل خطے میں قابلِ اعتماد اور مستحکم سائبر سیکیورٹی ماحول کے قیام میں معاونت کے لیے کواڈ ممالک کی منفرد صلاحیتوں کو مزید فروغ دینے کا عزم کیا.

انسانی امداد اور ہنگامی صورتحال میں رد عمل

آفات سے نمٹنے کی صلاحیت میں اضافہ: کواڈ اپنی انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد اور آفات سے نجات کی شراکت داری کے ذریعے قدرتی آفات سے نمٹنے کی صلاحیتوں کو مسلسل بہتر بنا رہا ہے. آسٹریلیا، جاپان اور امریکہ، قدرتی آفات سے نمٹنے کی مشترکہ صلاحیت کو فروغ دینے کے لیے نومبر میں بھارت کی 'سالانہ مشترکہ انسانی امداد اور آفات سے بچاؤ کی مشق' (AJHE-26) میں اپنے مبصرین بھیجیں گے.

مشترکہ لاجسٹکس کی صلاحیتوں کو فروغ دینا: جاپان کی وزارتِ دفاع کی میزبانی میں ستمبر میں منعقدہ ہند۔بحرالکاہل لاجسٹکس نیٹ ورک (IPLN) کی دوسری ٹیبل ٹاپ مشق (TTX) کے دوران، کواڈ ممالک نے ہند۔بحرالکاہل لاجسٹکس نیٹ ورک (IPLN) کے معیاری عملی طریقۂ کار (SOPs) کی تیاری کے سلسلے میں نمایاں پیش رفت کی ہے. اس سے ہند۔بحرالکاہل خطے میں قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے فوری اور مؤثر ردِعمل کو ممکن بنانے میں مدد ملے گی. کواڈ ممالک اپنی مشترکہ انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد اور آفات سے نمٹنے (HADR) کے لیے لاجسٹکس کی صلاحیت کو مزید فروغ دینے کا عمل جاری رکھیں گے، جس میں آئندہ رم آف دی پیسیفک (RIMPAC) مشق کے موقع پر منعقد ہونے والی اگلی IPLN مشق بھی شامل ہے.

ہم کواڈ سربراہانِ مملکت و حکومت کے سربراہی اجلاس، کواڈ وزرائے خارجہ کے آئندہ اجلاس اور ان روابط کے تسلسل کے منتظر ہیں جو ہند۔بحرالکاہل خطے اور اس سے آگے امن، استحکام اور خوشحالی کے فروغ میں معاون ہوں گے.

اٹلانٹا
اکتوبر 31، 2026